


# ایچ بی ایل پی ایس ایل 2020 کے ڈرافٹ میں سب سے پہلی پک دفاعی چیمپئن کوئٹہ گلیڈی ایٹرزکرے گی

- ڈرافٹ کے لیے پک آرڈر کی ترتیب طے ہونے کے بعد پی ایس ایل کی ٹرانسفر اور ریٹینشن ونڈو باضابطہ طور پر کھول دی گئی
- ہر فرنچائزکوگذشتہ ایڈیشن میں شامل زیادہ سے زیادہ8 کھلاڑیوں کو اسکواڈ میں برقرار رکھنے کا اختیار
- پلیئنگ الیون میں کم از کم 3اور زیادہ سے زیادہ 4غیرملکی کھلاڑیوں کو شامل کرنے کی اجازت
- ایچ بی ایل پی ایس ایل میں وائلڈ کارڈ پک کا قانون متعارف

**لاہور،4 نومبر 2019ء:**

ایچ بی ایل پی ایس ایل 2020 کے ڈرافٹ کےلیےمکمل پک آرڈرترتیب دے دیا گیا۔ ڈرافٹ کےپہلے راؤنڈ کے لیے پک آرڈر اتوار کو قذافی اسٹیڈیم لاہور میں طے کیا گیا تھا۔

چیئرمین پی سی بی احسان مانی، چیف ایگزیکٹو وسیم خان، چھ فرنچائزز اور بلٹز ایڈورٹائزنگ کے نمائندگان نے ایچ بی ایل پی ایس ایل 2020 کے پہلے راؤنڈ میں پک آرڈر طے کرنے کے لیے قذافی اسٹیڈیم لاہور میں منعقدہ تقریب میں شرکت کی۔

ڈرافٹ کے پہلے راؤنڈ کا پک آرڈر طے کرنے کے لیےبیٹ رکھ کرباری لگانے کے روایتی طریقہ کار کا انتخاب کیا گیا۔

طریقہ کار کے مطابق دفاعی چیمپئن کوئٹہ گلیڈی ایٹرزکی پہلی، لاہور قلندرز کی دوسری، ملتان سلطانز تیسری،دومرتبہ کی چیمپئن اسلام آباد یونائیٹڈ چوتھی، پشاورزلمی پانچویں اور کرا چی کنگز کو چھٹی باری ملی ہے۔

خصوصی طور پر تیار کیے گئے ماڈل سے باقی ماندہ 17 راؤنڈز کے لیے پک آرڈر کی ترتیب پیر کو طے کی گئی۔

ڈرافٹ کے لیے پک آرڈر کی ترتیب طے ہونے کے بعد پی ایس ایل کی ٹرانسفر اور ریٹینشن ونڈو باضابطہ طور پر کھول دی گئی ہے۔

پالیسی کے مطابق رواں سال ہر فرنچائز گذشتہ ایڈیشن میں شامل زیادہ سے زیادہ 8 کھلاڑیوں کو اسکواڈ میں برقرار رکھ سکتی ہے۔ گذشتہ سال کی طرح اس سال بھی ہر فرنچائز کے16رکنی اسکواڈ میں 5 غیرملکی کھلاڑی شامل ہوں گے۔

رواں سال فرنچائززکو سپلمنٹری کٹیگری میں شامل دو کھلاڑیوں میں سے ایک غیرملکی کرکٹر کو چننے کا اختیار دے دیا گیا ہے۔کوئی فرنچائز چاہے تو اس سے فائدہ اٹھاسکتی ہے تاہم پلئینگ الیون میں کم ازکم 3 اور زیادہ سے زیادہ 4غیرملکی کھلاڑیوں کو شامل کرنے کی اجازت ہوگی۔

رواں سال ایچ بی ایل پی ایس ایل وائلڈکارڈ پک کا قانون متعارف کروادیا گیا ہے۔قانون کے مطابق ایچ بی ایل پی ایس ایل ڈرافٹ میں ڈائمنڈ اور گولڈ راؤنڈ کے دوران فرنچائز چاہے تو کسی ایک کھلاڑی کا انتخاب اس کی مقررہ کٹیگری سے اوپر لے جاکر بھی کرسکتی ہے۔

**وسیم خان، چیف ایگزیکٹو پی سی بی:**

وسیم خان کا کہنا ہے کہ ایچ بی ایل پی ایس ایل میں ہر لمحہ جدت لانے کے لیےپی سی بی کی کاوش جاری ہے۔انہوں نے کہا کہ وائلڈ کارڈ پک کے قانون کی صورت میں نیااضافہ مداحوں اور لیگ میں شامل ٹیموں کے لیے مزید حوصلہ افزائی کا باعث بنے گا۔

وسیم خان نے کہا کہ ایچ بی ایل پی ایس ایل کے مداحوں کے لیے آئندہ چند روز بھی بہت اہم ہیں کیونکہ اس دوران ہرفرنچائز اپنے اسکواڈ میں شامل کھلاڑیوں کی ری ٹیننشن اور ٹریڈ کا اعلان کرے گی۔

ایچ بی ایل پی ایس ایل 2020 کا مکمل ایڈیشن پاکستان میں کھیلا جائے گا۔ ایونٹ کا آغاز آئندہ سال فروری میں ہوگا۔

– ENDS –

Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Editor – Urdu Content
Media and Communications

E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

## ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

Commercial Partners

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealpcb

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4